HALEON

Haleon Pakistan Limited
11-A, 11th Floor, Sky Tower (East Wing), Dolmen City, HC-3, Block 4, Scheme-5, Clifton, Karachi, 75600, Sindh, Pakistan.
UAN: +92 21 111 475 725
Website: https://www.haleon.pk

4 April 2024

Mr. Muhammad Ghufran
Deputy General Manager – Operations
Pakistan Stock Exchange Limited,
Stock Exchange Building,
Karachi.

**Subject:** **Prior Publication of Annual General Meeting Notice**

Dear Sir,

This is with reference to regulation No. 5.6.9 (b) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange.

The 9th Annual General Meeting of our Company will be held at 10:00 a.m., on Friday, 26 April 2024 at Beach Luxury Hotel, Karachi and virtually.

We are enclosing herewith copies (English and Urdu) of the AGM Notice for your reference prior to its publication.

Thank you.
For and on behalf of Haleon Pakistan Limited

**Ms. Mashal Mohammad**
Company Secretary

Enclosed: As above

# Haleon Pakistan Limited

# Notice of the 9th Annual General Meeting 2023

Notice is hereby given to members that the 9th Annual General Meeting ('**AGM**') of Haleon Pakistan Limited (the '**Company'**) will be held at 10:00 am on Friday, 26 April 2024 at the Beach Luxury Hotel, Karachi and virtually to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

A. To receive, consider and adopt the audited financial statements together with the Directors' and Auditors' Report thereon for the year ended 31 December 2023.

B. To appoint External Auditors of the Company for the ensuing year, and to fix their remuneration. The Board of Directors, on the recommendation of the Board Audit Committee of the Company, has proposed the appointment of KPMG Taseer Hadi & Co. as External Auditors, for the year ending 31 December 2024.

**SPECIAL BUSINESS**

C. To consider and approve the circulation of the subsequent annual audited financial statements together with the Annual Report (including the Directors' report, audited financial statements, Auditors' report, Chairperson's review etc) to the members of the Company through weblink and/or QR enabled code in accordance with Section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 389(I)/2023 dated 21 March 2023.

> "***IT WAS RESOLVED THAT*** *as notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan via S.R.O No. 389(I)/2023 dated 21 March 2023, the transmission of the audited financial statements together with the Directors' and Auditors' Report etc to the members of the Company through weblink and/or QR enabled code be and is hereby approved."*
>
> "***IT WAS FURTHER RESOLVED THAT*** *the Chief Executive Officer and / or the Chief Financial Officer and / or the Company Secretary be and are hereby authorised to jointly and / or severally do all such acts, deeds and things as may be deemed necessary or ancillary to give effect to the foregoing resolution."*

A statement of material facts under section 134(3) of the Companies Act 2017 relating to this special business to be transacted at the AGM is attached to this notice.

**ANY OTHER BUSINESS**

D. To transact any other business with the permission of the Chair.

By the Order of the Board

Karachi
5 April 2024

**MASHAL MOHAMMAD**
Company Secretary

**Notes:**

**1. Virtual / Physical AGM and Attendance Protocols**

a) Pursuant to the SECP Circular No. 4 of 2021 dated 15 February 2021, Circular No. 6 of 2021 dated 3 March 2021, and the clarification issued by SECP bearing no. SMD/SE/2(20)/2021/117 dated 15 December 2021, the proceedings of the AGM shall be held both physically and virtually. Any relevant updates regarding the AGM will be announced on the Company's website (www.haleon.pk) and through PUCARS, as applicable.

b) Members attending the AGM virtually must register their intent beforehand and no later than close of business on 25 April 2024. Shareholders, who wish to attend virtually, are requested to email their respective name, folio number, CNIC number, and scanned copy of their CNIC (front and back) to the Company's email address pakistan.shareinfo@haleon.com, and following necessary verification, a link to access the AGM will be emailed to him / her.

c) Please email at pakistan.shareinfo@haleon.com to post any questions for the AGM as the telecon will automatically mute all microphones.

d) Please note that those members attending virtually will be able to view the Directors and hear the live proceedings of the AGM but will remain on mute so as to avoid any connectivity disruptions. Those members attending the AGM may submit their respective questions / comments / suggestions along with their name and folio number on the email address, provided above in this notice or during the AGM in the dedicated Q&A / chatbox.

**2. Book Closure**

The share transfer books of the Company will be closed from 19 April 2024 to 26 April 2024 (both days inclusive). Requests received at the office of the Share Registrar of the Company at CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi – 74000 at the close of business on 18 April 2024 will be treated in time for the purpose of attendance of the Annual General Meeting and as applicable.

**3. Appointment of Proxies**

Members entitled to attend and vote at the AGM may appoint another member as his / her proxy to attend, speak and vote at the AGM on his / her behalf. The instrument appointing proxy must be deposited duly signed and stamped at the Office of the Share Registrar of the Company at CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block — B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi not later than forty eight (48) hours before the time of the AGM. An attested copy of the member's Computerized National Identity Card (CNIC) must be attached with the proxy form. Please refer to section 137 of the Companies Act, 2017 for further information. Members holding physical shares are also required to bring their original CNIC and / or copy of CNIC of member(s) of whom he / she / they hold proxy(ies). Such member(s) shall not be allowed to attend and / or sign the Register of Members/Members at the AGM without such CNIC(s). The proxy form is available on the Company's website (www.haleon.pk).

**4. CDC Account Holders**

CDC Account Holders will further have to follow the below guidelines as specified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**a) Attending the AGM**

- In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in a group account, and their registration details are uploaded as per the applicable regulations, and shall authenticate his / her identity by showing his / her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting.
- In case of corporate entity, the Board of Directors' Resolution / Power of Attorney with the specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**b) Appointing Proxies:**

(i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
(ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
(iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
(iv) The proxy shall produce his / her original CNIC or original passport at the time of the AGM.
(v) In case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution / Power of Attorney with the specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

The proxy form is available on the Company's website: www.haleon.pk

**5. Circulation of Annual Audited Accounts**

(i) SECP, through its SRO 470(1)/2016 dated 31 May 2016, has allowed companies to circulate the annual balance sheet, profit and loss account, Auditors' Report and Directors' Report etc. to its members through CD/DVD/USB at their registered addresses. In view of the above, the Company had obtained members' approval in its Extraordinary General Meeting held on 20 November 2017 in this regard.

(ii) Pursuant to SRO 787(1)/2014 dated 8 September 2014, SRO 470(1)/2016 dated 31 May 2016, and under Section 223(6) of the Companies Act 2017, circulation of audited financial statements and notice of annual general meeting has been allowed in electronic format, including through email. Accordingly, the audited financial statements of the Company for the year ended 31 December 2023, are available on the Company's website: www.haleon.pk. The Annual Report shall be circulated via email to those members whose email addresses are present in the records / database of the Share Registrar. Those members requiring a printed copy or electronic format through email of Annual Report may send a request using the Standard Request Form provided in the Annual Report and placed on the Company's website: www.haleon.pk. Hardcopies shall be provided free of cost.

**6. Postal Ballot / E-Voting**

Further to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for the purpose of election of Directors and for any other agenda item subject to the requirements of Section 143 and 144 of the Companies Act, 2017, members holding in aggregate 10% or more shareholding as per law, will be allowed to exercise their right of vote through postal ballot i.e. by post or e-voting, in the manner and subject to conditions contained in the said Regulations.

**7. Deposit of Physical Shares into CDC Account**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017, every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP, within a period not exceeding four (4) years from the commencement of the Act, i.e., 30 May 2017. Those members having physical shareholding(s) are encouraged to open a CDC sub - account with any broker or Investor Account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form. This is beneficial in many ways, including safe custody and sale of shares at any time, as the trading of physical shares is not permitted as per the existing regulations of the Pakistan Stock Exchange.

**8. Change of Address and Zakat Status**

Members are requested to notify the Company's Share Registrar if there is any change in their registered postal address or email address. Members with physical shareholding are requested to submit non-deduction of Zakat form, if applicable to them. Further, members holding their shares through CDC are requested to update their participants.

**9. Unclaimed Dividend(s) / Share Certificates**

The Company has previously discharged its responsibility under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached members to claim their unclaimed dividends in accordance with the law. Those members, whose dividends / share certificates still remain unclaimed, are hereby once again requested to approach the Company to claim their outstanding dividend amounts and / or undelivered share certificates.

**10. Statutory Code of Conduct at AGM**

Section 215 of the Companies Act, 2017 and Regulation 28 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, state the Code of Conduct of Members, as follows: Members are not permitted to exert influence or approach the management directly for decisions which may lead to creation of hurdles in the smooth functioning of management. The law states that Members shall not bring material that may cause threat to participants or premises where the AGM is being held, confine themselves to the agenda items covered in the notice of the AGM and shall not conduct themselves in a manner to disclose any political affiliation. Additionally, the Company is not permitted to distribute gifts in any form to its members in its meetings as per Section 185 of Companies Act, 2017.

**Statement of Material Facts under section 134(3) of the Companies Act, 2017**

**Agenda Item (C):**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan through its S.R.O No.389 (I) / 2023 dated 21 March 2023 has allowed listed companies to circulate the annual audited financial statements to their members through QR enabled code and/or weblink, subject to approval of the members. The Company shall continue to circulate the annual audited financial statements through email where email addresses are provided by the members to the Company. The Company shall supply hard copies of the annual audited financial statements to the members upon receipt of a duly completed Request Form, which can be obtained from the Company's website: www.haleon.pk.

The Directors of the Company have no other interest, directly or indirectly, in this special business except in their capacity as members / directors of the Company.

# Haleon Pakistan Limited

## نوٹس برائے نواں سالانہ اجلاس عام 2023

شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ Haleon Pakistan Limited ('کمپنی') کا نواں سالانہ اجلاس عام بیچ لگژری ہوٹل، کراچی پر اور ورچوئلی 26 اپریل 2024 بروز جمعہ 10:00 بجے درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

### عمومی امور:

A. کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ برائے سال مختتمہ 31 دسمبر 2023 کی وصولی، غور و خوص اور منظوری دینا۔

B. آئندہ سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بورڈ آڈٹ کمیٹی کی تجویز پر .KPMG Taseer Hadi & Co کی 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر تقرری کی تجویز دی ہے۔

### خصوصی امور:

C. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(6) جسے S.R.O. 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، جس کے مطابق کمپنی کے ممبران کو آئندہ سالانہ آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس (بشمول ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس، آڈیٹرز رپورٹ، چیئر پرسن ریویو وغیرہ) کی ویب لنک اور/ یا کیو آر کوڈ کے ذریعے فراہم کرنے پر غور و خوص اور اس کی منظوری دینا۔

''یہ طے پایا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 21 مارچ 2023 کو S.R.O. 389(I)/2023 کے ذریعے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ وغیرہ ویب لنک اور/ یا کیو آر کوڈ کے ذریعے کمپنی کے ممبران کو فراہم کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔''

''مزید یہ طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری مشترکہ طور پر اور/ یا الگ الگ ایسے تمام کاموں، افعال اور چیزوں کو کرنے کے مجاز ہیں جو مندرجہ بالا قرارداد کو نافذ کرنے کے لئے ضروری یا معاون سمجھے جائیں۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت سالانہ اجلاس عام میں کئے جانے والے اس خصوصی امر سے متعلق مادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

### دیگر کوئی امور:

D. چیئر کی اجازت سے دیگر کوئی امور انجام دینا۔

کراچی

5 اپریل 2024ء

بحکم بورڈ

مشعل محمد

کمپنی سیکریٹری

### نوٹس:

**1- ورچوئل/فزیکل سالانہ اجلاس عام اور حاضری کے پروٹوکول:**

a) SECP کے سرکلر نمبر 4 بتاریخ 15 فروری 2021، سرکلر نمبر 6 بتاریخ 3 مارچ 2021 اور SECP کی طرف سے جاری کردہ وضاحت نمبر SMD/SE/2(20)/2021/117 بتاریخ 15 دسمبر 2021 کے مطابق سالانہ اجلاس عام کی کارروائی فزیکلی اور ورچوئلی دونوں طریقوں سے کی جائے گی۔ کمپنی COVID-19 کے اثرات اور اس حوالے سے حکومت کی ہر طرح کی ہدایات کی نگرانی جاری رکھے گی اور سالانہ اجلاس عام سے متعلق کسی بھی نئی معلومات کا اعلان کمپنی کی ویب سائٹ (www.haleon.pk) اور PUCARS کے ذریعے کیا جائے گا۔

b) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز لازمی طور پر اپنے ارادے کے حوالے سے 25 اپریل 2024 کو کاروباری اوقات ختم ہونے سے پہلے رجسٹر کروائیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام، فولیو نمبر قومی شناختی کارڈ نمبر اور اپنے قومی شناختی کارڈ کی اسکین شدہ کاپی (سامنے اور پیچھے کی طرف سے) کمپنی کے ای میل ایڈریس pakistan.shareinfo@haleon.com پر ای میل کریں اور ضروری تصدیق کے بعد انہیں اے جی ایم تک رسائی کے لیے لنک ای میل کر دیا جائے گا۔

c) برائے مہربانی اے جی ایم کے لیے کوئی بھی سوال پوسٹ کرنے کیلیے pakistan.shareinfo@haleon.com پر ای میل کریں کیونکہ ٹیلی کانفرنس میں تمام تر مائیکروفونز کو از خود خاموش (mute) کر دیا جائے گا۔

d) برائے مہربانی نوٹ فرمالیجیے کہ ورچوئلی شریک ہونے والے شیئر ہولڈرز، ڈائریکٹرز کو دیکھنے اور سالانہ اجلاس عام کی کارروائی لائیو دیکھنے کے قابل ہوں گے مگر وہ mute رہیں گے تاکہ کنیکٹوٹی کے حوالے سے کسی بھی قسم کے مسائل سے بچا جاسکے۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے والے اپنے متعلقہ سوالات/ آرا/ تجاویز بمعہ اپنے نام اور فولیو نمبر اس نوٹس میں درج بالا ای میل ایڈریس پر یا اجلاس کے دوران سوال و جواب کے لیے مختص کردہ چیٹ باکس میں جمع کروا سکتے ہیں۔

**2- کتابوں کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 اپریل 2024 سے 26 اپریل 2024 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B بلاک بی، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74000 کے دفتر میں 18 اپریل 2024 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والی درخواستیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی غرض سے بروقت تصور کی جائیں گی۔

**3- پراکسیز کا تقرر**

پراکسی شیئر ہولڈرز کی تقرری جو AGM میں شرکت اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں وہ اپنی طرف سے AGM میں شرکت، اظہار خیال اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے شیئر ہولڈر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ پراکسی کی تعیناتی کا دستاویز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں AGM کے وقت سے اڑتالیس (48) گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔ شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی تصدیق شدہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونا ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 137 ملاحظہ کریں۔ فزیکل شیئرز کے حامل شیئر ہولڈرز کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنا اصل شناختی کارڈ اور/ یا اس ممبر کے شناختی کارڈ کی کاپی ہمراہ لائیں جن کے وہ پراکسی ہیں۔ ایسے ممبرز کو اس طرح کے شناختی کارڈ کے بغیر AGM میں شرکت اور/ یا ممبرز/ ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ (www.haleon.pk) پر دستیاب ہے۔

**4- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز**

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") کی بیان کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

**a) AGM میں شرکت**

- افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں، اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قابل اطلاق قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی جاتی ہیں اور اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے۔
- کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی کو نامزد کردہ شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کیا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

**b) تقرر کردہ پراکسیز**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کی تصدیق دو گواہان کریں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ہمراہ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

(iv) پراکسی کو AGM کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی دستخط کے نمونے کے ساتھ کمپنی کو پیش کیا جائے گا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ: www.haleon.pk پر دستیاب ہے۔

**5- سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی سرکولیشن**

(i) SECP نے 31 مئی 2016 کو اپنے S.R.O. 470(I)/2016 کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ اپنے ممبرز کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی کے ذریعے ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ مذکورہ بالا کے پیش نظر کمپنی نے اس سلسلے میں 20 نومبر 2017 کو منعقدہ اپنے غیر معمولی اجلاس عام میں ممبرز کی منظوری حاصل کی تھی۔

(ii) 8 ستمبر 2014 کے S.R.O. 787(I)/2014، 31 مئی 2016 کے S.R.O. 470(I)/2016 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 223(6) کے تحت آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کو ای میل سمیت الیکٹرانک فارمیٹ میں بشمول ای میل کے ذریعے جاری کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس کے مطابق، 31 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے، کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk پر دستیاب ہیں۔ سالانہ رپورٹ ان ممبرز کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائے گی جن کے ای میل ایڈریس شیئر رجسٹرار کے ریکارڈ/ ڈیٹا بیس میں موجود ہیں۔ وہ ممبرز جنہیں سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ کاپی یا ای میل کے ذریعے الیکٹرانک فارمیٹ پر درکار ہو، وہ سالانہ رپورٹ میں، اور کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk پر فراہم کردہ اسٹینڈرڈ درخواست فارم کا استعمال کرتے ہوئے درخواست بھیج سکتے ہیں۔ ہارڈ کاپیاں مفت فراہم کی جائیں گی۔

**6- پوسٹل بیلٹ/ای ووٹنگ**

مزید برآں کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 143 اور 144 کے تقاضوں کے تحت کسی بھی دوسرے ایجنڈا آئٹم کے لیے قانون کے مطابق مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈرز کو مذکورہ ضوابط میں شامل طریقہ کار اور شرائط کے مطابق پوسٹل بیلٹ یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

**7- سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا ڈپازٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو SECP کی جانب سے بتائے گئے طریقہ کے مطابق ایکٹ کے نفاذ یعنی 30 مئی 2017 سے چار (4) سال تک کی مدت کے اندر بک انٹری فارم سے تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ ان کے فزیکل شیئرز کو اسکرپلیس حالت میں رکھا جاسکے۔ یہ کئی طریقوں سے فائدہ مند ہے، بشمول محفوظ کسٹڈی اور کسی بھی وقت شیئرز کی فروخت، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد و ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

**8- پتے کی تبدیلی اور زکوٰۃ کا اسٹیٹس**

شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پوسٹل ایڈریس یا ای میل ایڈریس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان پر اس کا اطلاق ہوتا ہو، تو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا فارم جمع کرائیں۔ مزید برآں، سی ڈی سی کے ذریعے اپنے شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء کو اپ ڈیٹ کریں۔

**9- غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز/شیئر سرٹیفکیٹس**

کمپنی اس سے قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 کے تحت اپنی ذمہ داری ادا کر چکی ہے جس کے تحت کمپنی نے قانون کے مطابق اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈز کا دعویٰ کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا تھا۔ وہ شیئر ہولڈرز، جن کے ڈیویڈنڈ/ شیئر سرٹیفکیٹ ابھی تک غیر کلیم شدہ ہیں، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے آؤٹ اسٹینڈنگ ڈیویڈنڈز کی رقم اور/ یا غیر تقسیم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کلیم کرنے کے لیے کمپنی سے رابطہ کریں۔

**10- AGM کا قانونی ضابطہ اخلاق**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 215 اور کمپنیز (جنرل پروویژن اور فارم) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 28 میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ اخلاق بیان کیا گیا ہے۔ شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کے لئے براہ راست اثر انداز ہونے یا انتظامیہ سے رابطہ کرنے کی اجازت نہیں ہے جو مینجمنٹ کے بلاتعطل کام میں رکاوٹیں پیدا کر سکتے ہوں۔ قانون میں بیان کیا گیا ہے کہ شیئر ہولڈرز کو ایسا کوئی بھی مواد لانے کی اجازت نہیں ہوگی جس سے شرکاء یا اس احاطے کو جہاں اے جی ایم کا انعقاد کیا جا رہا ہے، خطرہ لاحق ہو، وہ خود کو اے جی ایم کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں گے اور اپنے آپ کو کسی بھی ایسے انداز سے پیش نہیں کریں گے جو ان کی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرتا ہو۔ مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 کے مطابق کمپنی کو اپنے اجلاسوں کے دوران اپنے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مادی حقائق کی اسٹیٹمنٹ

### ایجنڈا آئٹم (C):

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے ایس آر او نمبر 389(I)/2023 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنی سالانہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس ممبرز کو کیو آر کوڈ اور/ یا ویب لنک کے ذریعے، ممبرز کی منظوری کی صورت میں، ارسال کر سکتی ہیں۔ کمپنی وہاں اپنی سالانہ آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس بذریعہ ای میل ارسال کرنے کے سلسلے کو جاری رکھے گی جہاں ممبرز کی طرف سے کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کیے گئے ہیں۔ کمپنی باقاعدہ طور پر مکمل درخواست فارم کی وصولی کی صورت میں ممبرز کو فائنانشل اسٹیٹمنٹس کی ہارڈ کاپیز فراہم کرے گی، جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.haleon.pk سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کی براہ راست یا بالواسطہ، اس خصوصی امر میں، بحیثیت کمپنی کے ممبرز یا ڈائریکٹرز کے علاوہ کوئی دیگر دلچسپی نہیں ہے۔